# Bahria University Library Islamabad

Source: Express Tuesday August 18, 2026




چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف بحریہ یونیورسٹی کے 56ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## بحریہ یونیورسٹی کے 56ویں بورڈ آف گورنرز کا اجلاس

### چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور پرو چانسلر، چیئرمین بورڈ صدارت کی

### مصنوعی ذہانت پر مبنی منصوبوں، اطلاقی تحقیق، کمرشلائزیشن کے اقدامات پر بھی غور

اسلام آباد (ایکسپریس نیوز) چیف آف دی نیول اسٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے بطور پرو چانسلر اور چیئرمین بورڈ آف گورنرز (BoG)، بحریہ یونیورسٹی ہیڈ آفس، اسلام آباد میں بحریہ یونیورسٹی کے 56ویں بورڈ آف گورنرز اجلاس کی صدارت کی۔ بورڈ نے یونیورسٹی کی جانب سے اہم تعلیمی پروگرامز کو مزید فروغ دینے، تحقیق، جدت کو مضبوط بنانے، بین الاقوامی درجہ بندی میں بہتری لانے، طلبہ کے تعلیمی تجربات کو مزید بہتر بنانے، تعلیمی و ادارہ جاتی بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے حوالے سے پیش رفت کا جائزہ لیا۔ مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی منصوبوں سمیت اطلاقی تحقیق، کمرشلائزیشن کے اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔ بورڈ نے تمام شعبوں میں نمایاں بہتری، عالمی سطح پر یونیورسٹی کی شناخت، ترقی، سابق طلبہ سے روابط کے اقدامات، تعلیمی و انتظامی معیار، تحقیقی پیداوار اور بین الاقوامی شراکت داریوں کو مزید فروغ دینے کی کوششوں کو سراہا۔ اجلاس میں بورڈ کے اراکین، وزارتوں اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے نمائندگان، سینئر مشیران اور ماہرین تعلیم نے شرکت کی۔